بورڈ آف انٹر میڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن بہاول پور۔

نوٹیفکیشن برائے ری ایڈمشن

مورخہ 11-10-2017

نمبر 729/رجسٹریشن/ایڈمشن سیل جملہ متعلقین کو مطلع کیا جاتا ہے کہ گیارہویں جماعت سالانہ امتحان 2017ء میں کسی بھی مضمون/مضامین میں 33% سے کم نمبر حاصل کرنے والے/فیل/غیر حاضر ریگولر/پرائیویٹ امیدواران مورخہ 09-11-2017 تک مضامین/گروپ/کمبینیشن تبدیل کر کے یا تبدیل کیے بغیر گیارہویں جماعت میں دوبارہ صرف ایک مرتبہ بہاول پور بورڈ کی حدود میں واقع کسی بھی تعلیمی ادارہ میں Re-Admit کیے جاسکیں گے۔ نیز درج بالا تفصیل کے مطابق سابقہ دوسال 2016ء اور 2017ء کے امیدواران صرف ایک مرتبہ گیارہویں جماعت میں ری ایڈمشن کے اہل ہونگے۔ بشرطیکہ امیدوار نے دوبارہ گیارہویں جماعت / بارہویں جماعت یا گیارہویں و بارہویں جماعت (مشترکہ) کا امتحان نہ دیا ہو اور یہ امیدواران اس امر کا حلفیہ بیان بھی دیں گے نیر غلط بیانی کی صورت میں کسی بھی وقت ان کا نتیجہ منسوخ/کالعدم قرار دیا جاسکے گا۔

گیارہویں جماعت میں پاس طلباء/طالبات امتحان سالانہ 2017ء کے نتیجہ کی اشاعت کے 15۔ایام کے اندر اپنا رزلٹ/نتیجہ منسوخ/کینسل کروانے کیلئے درخواست بنام اسسٹنٹ کنٹرولر انٹر تعلیمی بورڈ بہاول پور تحریر کریں اور اس کے ساتھ مبلغ 50 روپے کا اسٹام پیپر (تصدیق شدہ مجسٹریٹ درجہ اول/سول جج) مع بنک چالان مبلغ -/500 روپے فیس برائے منسوخی رزلٹ کارڈ گیارہویں جماعت بورڈ ہذا کی انٹرمیڈیٹ برانچ کو ارسال کریں یا دستی جمع کروائیں۔ واضح رہے کہ درج بالا تفصیل کے مطابق نتیجہ کی اشاعت کے 15 یوم کے اندر رزلٹ منسوخ کروانے والے طلباء/طالبات مورخہ 09-11-2017 تک کسی بھی ادارہ میں آن لائن سسٹم کے تحت داخلہ/ری ایڈمشن کے اہل ہونگے۔ متعلقہ سربراہ ادارہ کی ذمہ داری ہوگی کہ وہ فارورڈنگ لیٹر کے ساتھ ری ایڈمشن ریٹرن کی ہارڈ کاپی بمع ری ایڈمشن فیس کا کمپیوٹرائیزڈ بنک چالان مورخہ 09-11-2017 تک دفتر ہذا کو ارسال کرے۔ مقررہ ایام کے بعد کسی بھی امیدوار کا نتیجہ منسوخ/کینسل نہیں کیا جائیگا۔ پاس رزلٹ کی منسوخی کے بعد سابقہ رجسٹریشن نمبر ہی برقرار رہے گا نیز طلباء/طالبات یہ سہولت ایک مرتبہ ہی حاصل کر سکتے ہیں اور گیارہویں جماعت پاس امتحان کا نتیجہ منسوخ کروانے والے امیدواران ہی اس کیٹگری میں ری ایڈمشن کے اہل ہونگے۔

ضروری تاکید

مورخہ 11-10-2017 سے مورخہ 09-11-2017 تک گیارہویں جماعت میں Re-Admit کیے گئے متذکرہ بالا کیٹگری کے تمام امیدواران کی ری ایڈمشن رجسٹریشن ریٹرن کی مورخہ 09-11-2017 تک یا اس سے قبل آن لائن ڈیٹا انٹری کے بعد ری ایڈمشن رجسٹریشن ریٹرن کی ہارڈ کاپی مع ری ایڈمشن فیس مبلغ -/1200 روپے فی امیدوار ترسیلی لیٹر کے ہمراہ دفتر ہذا (رجسٹریشن اینڈ ایڈمشن سیل) کو ارسال کریں۔ واضح رہے کہ مقررہ تاریخ تک امیدواران کی ری ایڈمشن فیس بنک میں جمع نہ کرانے اور آن لائن رجسٹریشن ریٹرن کی ہارڈ کاپی وفیس چالان دفتر ہذا میں نہ پہنچنے کی صورت میں آخری تاریخ کے بعد پہلے ماہ مبلغ -/2,000 روپے اور اس کے بعد ہر ماہ مبلغ -/3,000 روپے جرمانہ سربراہ ادارہ (کالج/ہائیر سیکنڈری سکول انتظامیہ) سے وصول کیا جائے گا۔

سیکریٹری

کاپی برائے اطلاع/ضروری کاروائی۔

(1) جملہ سربراہان تعلیمی ادارہ جات (کالجز/ہائیر سیکنڈری سکولز)، واقع حدود بہاول پور بورڈ۔
(2) ڈائریکٹر تعلیم کالجز، بہاول پور ڈویژن بہاول پور۔
(3) ریجنل ڈائریکٹر تعلقات عامہ بہاول پور (برائے اشاعت)۔
(4) نیوز ایڈیٹر، ریڈیو پاکستان بہاول پور (برائے نشریات)۔
(5) داخلی تقسیم/نوٹیفکیشن فائل۔